میر انیس نے لفظوں کی مدد سے ایسی منہ بولتی تصویریں کھینچی ہیں جو شاید ایک مصور بھی اپنے برش سے نہ کھینچ سکے۔ ترائی کے علاوہ میں جہاں زمین اونچی نیچی ہوجاتی ہے ایک چابکدست سوار کی شہسواری کا اس سے بہتر اور کیا منظر ہو سکتا ہے۔ ملاحظہ ہو ـــ

برچھیں اُڑتا تھا اسپ سب کے قریں رانوں سے
آنکھ وہ جب اُلٹتی دریا کے نگہبانوں سے

جنگ و حرب میں حسینؑ یکا و تنہا ہیں، زخموں سے چور ہیں۔ [illegible] ایسے موقع پر کوئی حسین مسلم کا تعارف جتاتا ہے۔ بھلا حسینؑ اس سے بہتر اپنا تعارف ایسے موقع پر کیا کر سکتے تھے۔ درج ذیل بیت کی مصرعہ ثانی اپنی جگہ مسلم اور بیت کا حُسن دوبالا ہے ـــ

یہ تو نہ کہیے کہ مست مشرقین ہوں
فرمانے سر جھکا کے کہا میں حسین ہوں

میر انیس سے قبل اردو زبان رزمیہ شاعری سے عاری تھی۔ آپ نے رزمیہ شاعری اردو زبان میں اپنی پوری تاب و تاب کے ساتھ شامل کی۔ میدانِ جنگ میں مبارز طلبی، مخالف کا جواب، حملہ [illegible]

[illegible]

فاتح سندھ محمد بن قاسم


عزیز جعفرانی

[illegible]

سندھ پر حملہ

[illegible]

[illegible]



بہنوں کی محفل

زرقا

عبدالرشید سوہدری

ایک لوہر فلسطینی مجاہدہ زرقا کا تعلق نزلا عین سے تھا اس کے لکھنے سے معلوم ہوا کہ قوم اور اپنے عزیز وطن کی محبت کا جذبہ موجزن تھا غلام ملک میں پیشے پر وستکو ترجیح دینا اس کا سب سے بڑا مقصد تھا اس لئے اپنے ہموطنوں پر مظالم ہوتے دیکھ کر یہودیوں کے خلاف جدوجہد شروع کی ہیں نے جب ہوش سنبھالا تو اپنے وطن میں یہودیوں اور انگریزوں کی روش اور عربوں پر ظلم کی باتیں کرتے سنا اس نے اپنی زندگی کا آغاز یہودیوں کے خلاف ایک مظاہرے میں شرکت ہی سے کیا تھا۔

ایک روز ایک نوجوان لڑکی نے زرقا سے ملاقات کے دوران عربوں کی مظلومیت کی داستان سنا کر بتایا کہ اس کا نام شماس ہے اور وہ قاہرہ میں یہ فلانی خبر رساں ادارہ ہوتی ہے اور اس ایجنسی کی طرف سے یہاں کے مشہور ہوٹل " ویزنی " میں مقیم ہے۔ لیکن وہ ایک عرب لڑکی ہے اور عام عربوں کی طرح یہودیوں سے نفرت کرتی ہے اور یہودیوں کے خلاف عربوں کی جنگ آزادی میں ایک کردار ادا کرنا اس کی سب سے بڑی خواہش ہے۔

اس کی یہ باتیں سن کر زرقا بے تاب ہو گئی۔ جب وہ اس کی ہمسفر ہو۔ دونوں تازہ معلومات کی روشنی مستقبل کا منصوبہ مرتب کرنے کے سلسلے میں ہوٹل ویزنی پہنچی جہاں شماس کے کمرے میں پہلے سے ایک نوجوان موجود تھا جس کا اس نے زرقا سے تعارف کراتے ہوئے کہا۔

"یہ معین الدین ہیں۔ جو اس آگ میں جل رہے ہیں جس کی تپش آج ہر عرب محسوس کر رہا ہے"

دوران گفتگو میں انہوں نے زرقا سے کہا۔ ہمارا ایک کام ہے تمہیں ہے اور ہم یہ جانتے ہیں کہ یہاں حریت پسندوں کی تنظیم کہاں ہے۔ اس صورت میں ہم ان سے کس طرح تعاون کر سکتے ہیں۔ اگر تم رہبر بنو تو تم بھی منتشر نہ ثابت ہو گے۔

زرقا نے محسوس کیا کہ وہ یہودیوں کے جال میں پھنس چکی ہے کیونکہ باروان کے چہرے سے ہیجان عیاں تھا اس لڑکی اور اس کے ساتھی کا عربوں سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ اس نے صاف انکار کر دیا تو وہ اصلی روپ پر اتر آئے اور اس نے کہا۔

"ہم اسرائیل کے ایجنٹ ہیں۔ مصر میں پیدا ہوئے عربوں سے ملتے جلتے روانی سے عربی بولتے ہیں۔ عربوں سے کوئی محبت نہیں ہے۔ یہ زمین عربوں کی نہیں۔ یہودیوں کی ہے۔ اور یہودی ہی اس پر حکومت کریں گے تم اس وقت مکمل ہماری تحویل میں ہو۔ جب تک کہ اپنے دشمن کا پتہ نہ بتا دو"

زرقا نے چلا کر کہا۔ "میں غدار نہیں۔ بلکہ وطن کی جانثار بیٹی ہوں اگر مجھے کچھ معلوم ہے تب بھی ایک لفظ نہیں بتاؤں گی"

اچانک ایک زور دار دھماکے سے ہوٹل کے در و دیوار ہل گئے اور زور سے دار کھڑکیاں بجنے لگیں۔ اس سے زرقا کے حواس بحال ہو گئے اور یہ ظاہر ہو گیا کہ جس نوجوان عرب لڑکی کو وہ ایک سازش کے تحت یہاں لائے تھے وہ فرار بھی ہو سکتی ہے۔

زرقا نے فرار ہونے کے بجائے دشمن کے دونوں ایجنٹوں کو ٹھکانے لگانے کا فیصلہ کیا اس نے تمام کمرہ چھان مارا لیکن کوئی ایسی چیز نہیں ملی جسے وہ بطور ہتھیار استعمال کرے۔ اس کش مکش میں وہ غسل خانے کے قریب پہنچی تو اندر اسے ایک ٹیپ ریکارڈ چلتا نظر آیا۔ وہ نہیں چاہتی تھی کہ ٹیپ کے ذریعے دوسرے ایجنٹوں کو اس کا نام تک معلوم ہو لہٰذا اس نے ٹیپ الٹا کر دینے سے تمام گفتگو مٹا دی۔ اب اس نے ان دونوں کو ختم کئے بغیر واپس جانا اپنی توہین خیال کیا کیونکہ وہ اس کے ارادت نگاہ سے واقف ہو چکے تھے۔

اس کا باپ بہترین الیکٹریشن تھا اس نے متعدد بار اپنے باپ کا ہاتھ بٹایا تھا۔ آخر یہ ترکیب کی کہ ٹیبل لیمپ کی تار کو لیمپ سے الگ کر کے اس کے ننگے سرے کو اسٹیل کی دونوں کرسیوں سے باندھ دیا جن پر وہ دونوں کو بیٹھنا تھا پھر اس نے اپنی کرسی ان سے دور ہٹا کر نہایت خاموشی سے بیٹھ گئی۔

تھوڑی دیر بعد یہودی لڑکی نے کمرے میں داخل ہو کر کہا۔ "تم کبھی یہاں کوئی حرب فدائین نہیں ہے ابھی ایک عرب دستی بم پھینک کر گیا ہے۔ اس سے ہمیں یہ ثبوت مل گیا ہے کہ تمہارا اس تنظیم سے گہرا تعلق ہے"

یہ کہہ کر جونہی وہ اسٹیل کی کرسی پر بیٹھی بجلی رو اس کے جسم میں دوڑ گئی اور اس کے منہ سے چیخ بھی نہ نکل سکی۔ زرقا نے پلگ سے سوئچ الگ کر کے اسے گھسیٹ کر غسل خانے میں لے گئی اور اپنے کپڑے اتار کر اس کا مغربی طرز کا لباس خود پہن لیا باہر آ کر اس نے اسٹیل کی کرسی کو دروازے کے درمیان رکھ کر ایک بار پھر سوئچ پلگ میں لگا دیا اور جیسے ہی کمرے سے باہر نکلی یہودی نوجوان تیزی سے کمرے کی طرف لپک رہا تھا۔ اس نے دیکھتے ہی پوچھا۔

"وہ اندر ہے نا"

زرقا نے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے ہاں کہا اور پھر ایک ہلکی سی چیخ سنی۔ وہ دروازے پر ہی موت کا شکار ہو گیا اور زرقا وہاں سے روانہ ہو چکی تھی۔



ایک موقع اور دو

میں اس کم بخت ڈرائیور کو ضرور نکال دوں گا۔ صاحب نے غصہ کے عالم میں اپنی بیگم سے کہا۔ کم بخت اب تک تین حادثے کر چکا ہے۔ یوں سمجھو کہ تین دفعہ مرتے مرتے بچا ہوں۔ تو اس میں اتنا ناراض ہونے کی کیا ضرورت ہے۔؟ بیگم نے جواب دیا۔ اس بیچارے کو کم سے کم ایک موقع تو اور دو۔

بیگم نے اختلاف نہیں کیا

میری بیوی نے کبھی مجھ سے اختلاف نہیں کیا۔

اچھا وہ کیسے؟ ایک صاحب نے رشک و حسد سے دریافت کیا۔ وہ اس طرح کہ وہ جو کچھ بھی کہتی ہے میں فوراً مان لیتا ہوں۔

چھتری بھول گیا

"آج میں چھتری لے جانا بھول گیا۔ لیکن تم نے بھی یاد نہیں دلایا" پروفیسر نے اپنی بیگم سے کہا۔

"لیکن تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ تم چھتری لے جانا بھول گئے ہو۔؟"

اس لئے کہ جب میں نے بارش بند ہو جانے پر چھتری بند کرنے کے لئے ہاتھ بڑھایا تو پتہ چلا کہ میں چھتری تو لانا ہی بھول گیا ہوں۔

رنگین ناول

"معاف کیجئے۔ میں اتنا رنگین ناول نہیں شائع کر سکتا" پبلشر نے ناول واپس کرتے ہوئے کہا۔

"لیکن یہ ناول رنگین کہاں ہے" مصنف نے احتجاج کیا۔ کیوں نہیں: پہلے ہی صفحہ پر ہیروئن شرم سے سرخ ہو گئی رقیب غیرت سے پیلا پڑ گیا۔ ہیرو کا باپ غصے سے کالا ہو گیا۔ آسمان کی رنگت گلابی ہو گئی وہ پیلے کا رنگ دھانی ہو گیا اور سمندر کا پانی نیلا دکھائی دینے لگا۔

جلتا ہوا سگریٹ

شوہر نے گھر میں آنے کے بعد بیوی سے پوچھا۔ "ڈارلنگ یہ پھول تمہارے بالوں میں کس نے لگائے ہیں۔ میری سہیلی نے" اچھا۔ اور یہ خوشبو جس سینٹ کی آ رہی ہے وہ کون استعمال کرتا ہے۔؟ میری سہیلی۔ "بہت خوب۔ تو آئندہ جب تمہاری سہیلی آئے تو اس سے کہنا کہ وہ جلتا ہوا سگریٹ فرش پر یوں چھوڑ کر نہ جایا کرے۔"

میں بیوہ ہو جاؤں

ایک بیوی نے اپنے شوہر سے لڑتے ہوئے کہا "اگر تم نے جھوٹ بولا ہو تو تم مر جاؤ اور اگر میں جھوٹی ہوں تو میں بیوہ ہو جاؤں۔"

انکم ٹیکس انسپکٹر

ایک صاحب سڑک پر چلے جا رہے تھے کہ قریب کے مکان سے زور کی آوازیں سنیں۔ وہ تیزی سے اندر پہنچے تو ایک گھبرائی ہوئی ماں اپنے بیٹے کو سنبھالنے کی کوشش کر رہی تھی جس نے ایک پیسے کا سکہ نگل لیا تھا۔

ان صاحب نے بچے کے پاؤں پکڑ کر اسے الٹا لٹکا دیا اور تین چار جھٹکے دیئے۔ سکہ فرش پر آ گرا۔ ممنون ماں نے ان صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا۔

"آپ نے سکہ کس آسانی کے ساتھ نکال لیا کیا آپ ڈاکٹر ہیں؟"

ان صاحب نے جواب دیا۔ "نہیں۔ انکم ٹیکس انسپکٹر ہوں"

جیسے نرم و نازک بہاؤں جیسا اٹل حوصلہ رکھنے والے بہادر جوانوں کو پکارا جائے تو علامہ اقبال کی آواز سنائی دیتی ہے۔

> آگ ہے اولادِ ابراہیم ہے نمرود ہے
> کیا کسی کو پھر کسی کا امتحاں مقصود ہے

قریباً چار ہزار سال پہلے آزر کے صنم پرور گھرانے میں جگمگانے والے ابراہیم علیہ السلام نے گھر سوسائٹی اور ماحول کے اثرات قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ انسانوں کی انسانوں کے آگے جھکنے سے منع کیا۔ اور خدائے برتر کی بندگی کا اقرار اعتراف اور اعلان فرمایا۔ جب باپ نے گھر سے بے دخل اور قوم نے شہر بدر کر دینے کی دھمکی دی تو کمال خندہ پیشانی سے دعائیں دیتے ہوئے الگ ہو گئے۔ وقت کے آمر مطلق نمرود سے علمی جہاد کیا اور اس کے خود ساختہ جاہ و جلال کو دلائل کی شمشیر کردار سے تہ و بالا کر دیا۔ نمرود نے اپنا اقتدار لڑکھڑاتا ہوا دیکھا تو آگ میں جلا دینے کی تدبیر سوچی۔ ابراہیم علیہ السلام نے سرتاپا تن من دھن آگے حوالے کر دیا۔ مگر خدائے واحد کی بندگی میں شرک اور ملاوٹ کو گوارا نہ فرمایا۔ بابل کا آبائی وطن چھوڑا۔ مصر کی سرزمین، فلسطین، ہجرت کی حالت میں زندگی بسر کر دی۔ رفیقۂ حیات شہزادی ہاجرہ اور لخت جگر شیر خوار بیٹے حضرت اسمٰعیل کو لے کر بے آب و گیاہ وادی میں سپرد خدا کر آئے اور ایک ایسا وقت بھی آیا جب اہل فلک محو حیرت اور اہل زمین انگشت بدنداں ہو گئے کہ بوڑھے اور حاجر ابراہیم علیہ السلام نے

ہمارے دل اسیرانِ جنگ کی یاد میں بے قرار ہیں

قاری عبدالمجید

آج ہم بحیثیت مسلمان نماز عید کا دوگانہ ادا کر رہے ہیں۔ اور ہم میں سے اہل ثروت اپنی استطاعت کے مطابق قربانی بھی کر رہے ہیں۔ اس سے پیشتر کہ آج عید کا دن ہمارے لئے نہ تو کوئی خوشی لایا ہے اور نہ ہمارے دلوں میں کسی خوشی کی ان علامات گنجائش ہے۔ پاکستان کا ہر محب وطن صبح و شام اپنے ان نوجوانوں صحافت کے ستاروں ڈاکٹروں، استادوں، تاجروں، بچوں عورتوں اور بوڑھوں کی یاد میں اشکبار ہو رہا ہے جو ہندوستان کے خاردار تاروں سے گھرے ہوئے یخ بستہ ٹھنڈے کیمپوں میں درد و غم میں نظریں لگائے ہوئے ظلم کی زنجیریں ٹوٹنے کی انتظار میں بڑی متانت اور سنجیدگی صبر اور برداشت سے دکھ درد زندگی کی آس لگائے بیٹھے ہیں۔ آج عید الاضحیٰ کے اس تاریخی بابرکت دن میں پاکستان کے ان ہزاروں بیٹوں

اپنے اکلوتے ہونہار فرزند کی گردن پر چھری رکھ دی ہے اور عرش اعلیٰ سے ندا آئی ابراہیم! بس تم نے اپنا کام پورا کر دکھایا ہمارا اسلام قبول کرو۔

خوشنود ہم نے اپنے آپ کو میرا نائب خلیفہ اور محبوب ہونے کے لئے پیش کیا تھا۔ دیکھو خلافت اور محبوبیت کا تقاضا اور سزاوار وہ عظیم انسان ہے جو میرے حکم کی تعمیل اور میری رضا کی طلب میں دنیا اور آخرت کی ہر چیز سے منہ موڑ لے۔ جس نے میری اطاعت اور الوہیت کا حق ادا کر دیا۔

> توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہہ دے
> یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لئے ہے

عرش عظیم سے ندا آئی کہ شیطان! کف افسوس مل۔ اہلِ نبوت ہارا ہے۔ ابن خلیل نے تیری چالوں کو روند ڈالا ابراہیم کے اس جذبے اور استقامت کی یاد میں حاجی لوگ قیامت تک تجھ پر اظہار نفرت اور اقرار لعنت کرتے رہیں گے۔

اے مسلمانو! میری رضا خوشنودی اور نجات چاہتے ہو تو سیرت ابراہیم کی دائمی اداؤں کو زندہ رکھو۔ استقامت ہو تو حج کرو۔ قربانی دو۔ اور اعمال میں وہ خلوص پیدا کرو۔ جو ابراہیم علیہ السلام نے اپنے کردار سے ثابت کیا اور پیش کر دکھایا۔ اور اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی امت کو ابراہیم کی پیروی کریں۔ ابراہیم علیہ السلام کی ملت سے منہ موڑنے والا وہ ہوگا جو خود فریب کا شکار ہو سکتا ہے۔ نجات نہیں پا سکتا۔

یہ مضمون مشرق لاہور میں عید کے موقع پر شائع ہوا مگر جذبات اب بھی تابل قدر ہیں۔

دستک دو

مشکلات کو روکنے خواہشات کو بدلنے اور تکالیف کو برداشت کرنے سے انسان کا ضمیر بلند اعلیٰ مضبوط اور پاکیزہ ہو جاتا ہے۔ (شکسپیر)

ماخوذ از کتاب جواہر الافکار، مرسلہ (م دختر لیا)

اپنے سینے کے ایوان میں جاؤ دروازے پر دستک دو اور اپنے دل سے پوچھو کہ وہ کیا کہتا ہے (شکسپیر)

جو سے آپ کو نہیں ہے ان کے دو جھٹے جھڑ گیہ (سہ ماہی) نسیمہ بیگم کراچی

غزل — حسن اجمل قتیل

> یہی نہیں کہ بہاروں کے دن گذر بھی گئے
> جو سایہ دار تھے اگے تو وہ شجر بھی گئے
> وہ اپنے دم سے رہا انجمن جہاں بھی رہا
> ہم اپنی ذات میں تنہا رہے جدھر بھی گئے
> ہیں تو مقتلِ حالات بھی مثالِ آئینہ
> لہو لہو بھی ہوئے اور کچھ سنور بھی گئے
> مسرت اب تو بدن خاک ہو کے اُڑتا ہے
> جو خد و خال ہمارے تھے وہ بکھر بھی گئے

خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھایا جا رہا ہے

کشور ممتاز

خواتین عموماً دفاتر میں کام کریں یا کارخانوں اور سیاسی میدانوں میں سرگرم عمل ہوں ان کا اصل مقام پھر بھی گھر ہی ہے۔ اور خاندانی زندگی کا محور خاتون ہی ہے۔ یہ فطرت کا ایک اصول ہے خواتین گھر کے اندر جس سکون اور سہولت کی ہوسکتا اور وہی خاندان کا انتظام ان کے بغیر چل سکتا ہے لیکن آج کی عورت خواہ وہ پاکستان کی ہو یا کسی اور ملک کی گھر بلو امور کے ساتھ ساتھ بیرونی مسائل میں بھی دلچسپی لے رہی ہے سماجی اور سیاسی زندگی میں آج کی عورت کا مقام مرد سے کسی طرح بھی کم نہیں۔ دنیا کے بیشتر ممالک میں سوشلسٹ انقلاب کی وجہ سے خاندانوں سے وہ اندرونی انقطاع ختم ہو گیا جس کی جڑیں بہت گہری تھیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ عورت اور مرد کے حقوق کی برابری سے خاندان میں ایک نئی قسم کی فضا پیدا ہوئی ہے جو باہمی دلچسپی مفاد، محبت اور احترام پر مبنی ہے۔ یاد رہے کہ خاندان میں عورت کا درجہ اس کا احترام اس پر منحصر ہے کہ وہ معاشی طور پر کسی کی محتاج نہ ہو۔

دنیا کے بیشتر ترقی یافتہ ممالک میں شادی کے بعد شوہر اور بیوی کے حقوق و فرائض برابر ہوتے ہیں۔ جیسا کہ امریکہ اور برطانیہ میں ہوتا ہے کہ میاں بیوی دونوں گھر کی کفالت کرتے ہیں لیکن بیشتر ہندو پاکستان میں صورت حال مختلف ہے۔ عورت اگر خود کما رہی ہے اور ملازمت یا تجارت کرتی ہے تو اس کی آمدنی کا سارا حساب کتاب اسے برضا و رغبت نہیں بلکہ بالجبر شوہر یا دوسرے افراد خاندان سپرد کرنا ہوتا ہے جبکہ سوویت یونین میں صورتحال بالکل مختلف ہے وہاں گھر چلانا اور اخراجات کا حساب کتاب متفقہ طور پر طے ہوتا ہے بیوی کو شوہر کی طرح یہ حق ہوتا ہے کہ اپنا نام باقی رکھے اور جس جگہ کی چاہے شہریت رکھے۔


بچے کی ماں کے کچھ حقوق خاص ہوتے ہیں مگر باپ ماں ہونے کے ناطے فرائض بھی پورے کرنے لازمی ہیں۔ بچے کی پرورش اور تعلیم میں ماں اور باپ دونوں پر برابر کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

سوویت یونین میں جب عورتیں سماجی پیداوار میں شریک ہوئیں تو حکومت نے یہ انتظام کرنا شروع کر دیا کہ عورت کے لئے گھر کا کام اور بچوں کی پرورش کرنا آسان ہو جائے چنانچہ کام کرنے والی ماؤں کے بچوں کے لئے پالنا گھر کنڈر گارٹن اور کھیل کے میدان بنائے گئے۔ اس کے علاوہ دکانیں جہاں ضرورت کی ہر چیز مل جاتی ہے۔ پبلک کھانے کے انتظامات کیٹرنگ کے ادارے وغیرہ روز بروز زیادہ ہوتے جا رہے ہیں۔ حکومت اس کے لئے بڑی بڑی رقمیں خرچ کر رہی ہے کہ عورتوں کی گرہستی کا بار کم ہو اور وہ مالی حیثیت سے اپنے فرائض آسانی سے پورے کر سکے اس سلسلے میں مردوں اور عورتوں کے لئے کام کے گھنٹے کم کرنے اور

اور ان کے کام کی مدت مقرر کرنے میں بھی کافی ترقی ہوئی ہے۔ گرہستی کے کاموں میں گیس کا استعمال کیا جانے پر ہو رہا ہے جدید قسم کے گرہستی کے سامان مثلاً ریفریجریٹر، جھاڑو دینے صفائی کرنے اور کپڑا دھونے کی مشینیں اور بجلی کے دیگر آلات گھروں میں بکثرت استعمال ہوتے ہیں اس کی وجہ سے گرہستی کے کاموں کا وقت بے حد کم ہو گیا ہے۔ خاندان کے وہ لوگ جو کام پر باہر چلے جاتے ہیں گھر کو کھانا کھاتے ہیں اس وجہ سے بہت سی گھریلو اور کام پر جانے والی خواتین کیلئے ناشتہ دن کا کھانا اور رات کا کھانا پکانے گھر والوں کے لئے تیار کرنا ہوتا ہے لیکن حال ہی میں ایک نئی قسم کا گھریلو باورچی خانہ قائم ہوا ہے جہاں سے پکا پکایا کھانا اور منجمد غذائیں گھر لے جائی جا سکتی ہیں۔ بہت سے ریستوران اور ہوٹل بھی دام پر پیک کئے ہوئے ڈنر بیچتے ہیں۔ دیہاتوں میں بھی اسی طرح کے انتظامات میں وسعت دی جا رہی ہے۔

ان جدید انتظامات کی وجہ سے اب دنیا کے بیشتر ممالک میں عورت کی زندگی کا بڑا حصہ یعنی باورچی خانے میں ضائع ہونے سے بچ گیا ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر ملک کی نصف طاقت کی صلاحیتوں کو صحیح طور پر استعمال میں نہ لایا گیا تو کسی بھی ملک کی ترقی کی رفتار تیز نہیں ہو سکتی۔ ہمارے ملک کے سابق سربراہ بھی اس بات کا اظہار کر چکے ہیں کہ پاکستانی خواتین کی زندگی کا بڑا حصہ باورچی خانے کی نذر ہو جاتا ہے لہٰذا اگر حکومت توجہ دے یا عورتوں کی سماجی انجمنیں اس سلسلے میں پہل کریں اور عوام کے لئے اور عورتوں کے لئے اس قسم کی بنیاد سے سہولتیں مہیا ہو جائیں تو ہماری خواتین کی صلاحیتوں کو جو خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھایا جا رہا ہے، بچ جائیں۔





نذرانہ

سلام

۱ فدا ہوں اس پہ سلامی ہے جس کا نام حسینؑ
مرا معین مرا آقا مرا امام حسینؑ

۲ صبا کو بھیج کے روضہ پہ کر رہا ہوں دعا
کریں قبول الٰہی مرا سلام حسینؑ

۳ جو کربلا کی زمیں پر ہوا تھا ان کا ورود
تو پھر کے دیکھتے تھے قبر کا مقام حسینؑ

۴ سُنا نہ ہائے کسی سنگدل نے لاکھ کہا
رسولؐ کا ہوں نواسا ہے میرا نام حسینؑ

۵ نہ پوچھو وقت وہ کیسا تھا جب بہتّر کو
چلے ہر ایک کا لیتے ہوئے سلام حسینؑ

۶ میں اپنے دل کو بہت پاک و صاف رکھتا ہوں
کہ شاید اس میں کسی دن کریں قیام حسینؑ

۷ پناہ لیتے تھے دشمن اجل کے دامن میں
جو وار کرتے تھے لیکر علیؑ کا نام حسینؑ

۸ یہ حال ہے کہ نہ ہاتھ اٹھ سکے نہ سر خم ہو
رسولؐ آئے ہیں کیونکر کریں سلام حسینؑ

۹ چڑھا سناں پہ سرِ حق پرست حق بیں
بلند کر گئے دنیا میں اپنا نام حسینؑ

۱۰ یہ خوب درد ملا ہے زبان و دل کے لئے
کہ روز و شب ہے حسینؑ اور صبح و شام حسینؑ

۱۱ زبانِ خشک پہ یہ بار بار آتا تھا
گناہ گار ہو پانی کا لے جو نام حسینؑ

۱۲ یہ جانتا ہوں بجھے گی جبھی لگی دل کی
جب اپنے ہاتھ سے کوثر کا دیں گے جام حسینؑ

۱۳ کوئی جو پوچھا کہ نام آپ کا تو فرمایا
شکستہ دل وطن آوارہ تشنہ کام حسینؑ

۱۴ مری کچھ اور تمنا نہیں ہے اے آصفؔ
یہ آرزو ہے بنا لیں مجھے غلام حسینؑ

مرثیہ

۱
جب پریشان ہوئی مولا کی جماعت رن میں
قبلۂ دیں نے کیا قصدِ عبادت رن میں
ہر نمازی کو پسند آئی اقامت رن میں
شکلِ محراب بنی تیغِ شہادت رن میں

غل ہوا اس کو امامِ دو جہاں کہتے ہیں
تیغوں کے سایہ میں شبیرؑ اذاں کہتے ہیں

۲
قدرتِ حق سے دریچے ہوئے فردوس کے وا
یک بیک اٹھ گئے سب پردۂ عرشِ علا
دفعتاً کھل گئے در ہائے فلک سر تا پا
انبیا و ملک و حور کو پہونچی یہ ندا

قدر داں اس کا میں ہوں میرا شناسا ہے یہ
کیوں نہ ہو میرے محمدؐ کا نواسا ہے یہ

۳
یہ وہ طاعت ہے کہ تنہا ہی ادا کرتے ہیں
سر قلم ہوتا ہے وہ شکرِ خدا کرتے ہیں
میرے عاشق تہِ شمشیر رہا کرتے ہیں
صادق الوعدہ یہی ہیں جو وعدہ وفا کرتے ہیں

ہم نماز اس کے جنازے کی جو پڑھوائیں گے
تم بھی جانا کہ رسولانِ سلف جائیں گے

۴
ساکنِ عرشِ بریں کرنے لگے نالۂ آہ
اور اقامت میں بجھے صرف شہِ عالیجاہ
شاہ تکبیر یہاں کہہ چکے اشہد اللہ
جانِ واحد پہ گرے آن کے لاکھوں بدخواہ

سورۂ حمد نبیؐ زادہ پڑھا چاہتا تھا
شمر خنجر لئے سینہ پہ چڑھا جاتا تھا

۵
نیم بسمل نے زباں سے جو کہا بسم اللہ
در سے سیدانیاں چلائیں کہ انا للہ
نیزہ مارا ابو ایوب نے لب پر ناگاہ
ہائے یہ ظلم نمازی پہ عیاذاً باللہ

واجب القتل کو ہے اب تو غذا کی مہلت
جانِ زہراؑ کو نہ دی فرضِ خدا کی مہلت

۶
زینتِ عرشِ بریں خاک پہ افتادہ ہے
شمر خنجر لئے بالیں پہ ایستادہ ہے
نہ بچھونا ہے نہ مسند ہے نہ سجادہ ہے
کوئی اتنا نہیں کہتا کہ نبیؐ زادہ ہے

قصد سجدے کا اِدھر قبلۂ دیں کرتا ہے
نیتِ ذبح اُدھر شمرِ لعیں کرتا ہے

۷
آہ آخر ہوئی شہ کی جو نمازِ آخر
ننگے سر رن کو چلی آلِ رسولِ طاہر
دیکھا خنجر لئے بالیں پہ کھڑا ہے کافر
ملک الموت پکارا کہ ہوں میں بھی حاضر

تیغِ قاتل نے کہا حلق کی خاطر ہوں میں
شہ نے فرمایا کہ تقدیر پہ شاکر ہوں میں

۸
خنجرِ ظلم کو چمکا کے پکارا دشمن
بولے شہ جس میں تو راضی ہو نہیں جائے سخن
بوسہ گاہِ نبوی کاٹوں میں اب یا گردن
حلق یہ حلقِ نبیؐ ہے یہ بدن ان کا بدن

دیکھ سر ننگے ہر اک حور جناں آتی ہے
ابھی تو ذبح نہ کرنا مری ماں آتی ہے

۹
ناگہاں آئی یہ آواز کہ اماں صدقے
کون کون آج ہوا تجھ پہ میری جاں صدقے
مرے ماں باپ فدا میں ترے قرباں صدقے
شیر کتنے ہوئے کتنے ہوئے ناداں صدقے

قتل کر کو ابھی جنت سے جو میں آتی تھی
حور اک ننھے سے لاشے کو لئے جاتی تھی

۱۰
دو سو میں نے کھڑی جو کی اس پہ نظر
بانہیں ننھی سی لٹکی تھیں ادھر اور اُدھر
دودھ سے باچھیں لہو سے تھا کفن اس کا تر
رو کے شہ بولے وہ پوتا تھا تمہارا اصغر

نخل اس باغ کے سب پھولے پھلے کٹتے ہیں
صبح سے دیکھ تو پیاسوں کے گلے کٹتے ہیں

۱۱
تم نے فرمایا گیا اماں مرا لشکر نہ رہا
رہ گیا در پہ کم بارہ برادر نہ رہا
جدِ امجد کی نشانی علی اکبرؑ نہ رہا
اب خبر آپ نے لی آن کے جب گھر نہ رہا

ایک میں ہوں سو مجھے قتل کی مشتاق ہے
بوسہ گاہِ نبوی کٹنے کو اب باقی ہے

۱۲
تم دمِ ذبح نہ زاری مری اماں کرنا
میرے لاشے پہ فقط نالہ و افغاں کرنا
لیکے گودی میں خدا پر مجھے قرباں کرنا
عرش کے نیچے نہ بالوں کو پریشاں کرنا

برہمی ہوگی اگر گیسوؤں کے تاروں کی
عقدے پڑھ جائیں گے بخشش میں گنہگاروں کی

۱۳
گفتگو مادر و فرزند میں ہوتی تھی یہ آہ
آستیں غصہ سے قاتل نے چڑھائی ناگاہ
روتی تھی فاطمہؑ مشتاقِ شہادت تھے شاہ
قہر جلاد پہ کی شاہ نے حسرت سے نگاہ

شمر نے پوچھا تمہیں عذر کوئی اب تو نہیں
بولے شہ دیکھ لے دروازے پہ زینبؑ تو نہیں

۱۴
وہ پکارا نظر آتی نہیں در پر زینبؑ
گر سراچوں سے چلے آئیگی باہر زینبؑ
پیٹتی پھرتی ہے خیمہ میں کھلے سر زینبؑ
روک سکنے کی نہیں پر مرا خنجر زینبؑ

حلق کو آپ کے بیخوف و خطر کاٹوں گا
ایک خنجر سے بہن بھائی کا سر کاٹوں گا

۱۵
آئی زہراؑ کی صدا شمر تو نابینا ہے
ارے بیرحم خطا میرے پسر کی کیا ہے
در پہ زینبؑ نہیں بالیں پہ مگر زہراؑ ہے
آستیں الٹی ہے کیوں تیغ کو کیوں کھینچا ہے

کیا اسے پالا تھا میں نے ترے خنجر کے لئے
مرے بچے کو نہ کر ذبح پیمبرؐ کے لئے

واقعۂ کربلا

تاریخ بتاتی ہے کہ محرم کی دوسری تاریخ سنہ ۶۱ھ میں امام حسین رضہ اپنے اہل و عیال اور رفقاء کے ساتھ کربلا کے میدان میں آپہنچے اور خیمے لگا دیئے۔ ادھر یزیدیوں نے بھی خیمے لگانے شروع کر دیئے۔ یزیدی فوج کے سپہ سالار عمر بن سعد بن ابی وقاص سے آپ نے فرمایا۔ کہ میری تین خواہشیں ہیں یہ بات تم ابن زیاد تک پہنچا دو۔

۱۔ تم میرے حال پر مجھے چھوڑ دو۔ میں چاہے مکہ جاؤں یا مدینہ
۲۔ اگر یہ منظور نہ ہو تو میرا راستہ چھوڑ دو۔ تاکہ میں دمشق جا کر یزید سے بات چیت کر سکوں۔
۳۔ اگر یہ شرط بھی منظور نہ ہو۔ تو پھر آخری صورت جنگ کی ہے

جب ابن زیاد کو یہ معلوم ہوا، کہ عمر بن سعد حسین رضہ کے حق میں ہے اور شرائط طے کر رہا ہے۔ تو اس نے عمر بن سعد کی جگہ شمر کو مقرر کر دیا۔ جس نے آتے ہی فرات کی ناکہ بندی کر دی۔ محرم کی نویں تاریخ کو آپ کے پاس پھر قاصد آیا۔ کہ بیعت کرو ورنہ لڑو۔ آفتاب غروب ہو رہا تھا۔ آپ کا خاندان تقریباً دو دن سے پیاسا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ رات گذر جانے دو۔ یہ لڑائی کا وقت نہیں ہے۔ شمر نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ حسین رضہ کا خاندان دو دن سے پیاسا ہے اور وقت گذر جانے دو۔ تاکہ اگلے دن اُن میں لڑائی کی سکت باقی نہ رہے۔ محرم کی یہ رات شب عاشورہ کہلاتی ہے۔ یہ رات بی بی زینب رضہ اور بھائی نے عبادت میں گزاری۔ نماز کے بعد حضرت حسین رضہ اپنے ساتھیوں سے یوں مخاطب ہوئے آپ لوگوں کا شکریہ میری زبان سے ادا نہیں ہو سکتا۔ مگر پھر بھی میری یہی رائے ہے کہ آپ لوگ میری وجہ سے اپنے بچوں کو یتیم اور بیویوں کو بیوہ نہ کریں۔ اور جان بوجھ کر موت کے منہ میں نہ جائیں۔ بہتر یہی ہے کہ آپ صاحبان اپنے گھروں کو واپس چلے جائیں۔ اور مجھے میری حالت پر چھوڑ دیں۔

یہ سُن کر آپ کے ساتھیوں کے آنسو جاری ہو گئے اور اُن سب نے کہا ہم رسولؐ کے نواسہ پر دل و جان سے قربان ہوں گے۔

حضرت حسین رضہ کے ساتھیوں کی کل تعداد ۷۲ تھی اور اس کے مقابلے میں چار ہزار سپاہ تھی۔ لڑائی کا آغاز ہوا، اور دونوں طرف سے وار ہونے شروع ہو گئے۔ دو پہر تک حضرت حسین رضہ سمیت مردوں میں سے صرف سات فرد باقی تھے۔

اب بی بی زینب آگے بڑھیں انھوں نے اپنے دونوں لال عونؑ و محمدؑ امام حسینؑ کی نذر کیے۔ امام حسینؑ ہچکچائے۔ معصوم بچوں نے دیکھا کہ جنگ کی اجازت ملنی مشکل ہے۔ خود آگے بڑھے اور اس انداز میں درخواست کی کہ امام حسینؑ انکار نہ کر سکے۔ یہ دونوں کمسن بچے ہنستے کھیلتے میدان جنگ پہنچے۔ بڑی بہادری سے لڑے اور اپنی جان نثار کر دی۔

اس کے بعد حضرت امام حسینؑ کے بھائی حضرت عباسؑ بچوں کے لیے پانی لاتے ہوئے شہید ہوئے پھر حضرت قاسمؑ فرزند حسنؑ ابن علیؑ نے جام شہادت نوش کیا۔ دشمنوں نے ان کی لاش گھوڑوں سے پائمال کر دی۔ اب حسینؑ کے اٹھارہ سالہ فرزند علی اکبرؑ کی باری تھی۔ علی اکبرؑ نے اس شان کے ساتھ جنگ کی حضرت علیؑ کی جنگوں کی یاد تازہ ہو گئی یہ دیکھ کر عمرو بن سعد نے اپنی فوج کو حکم دیا کہ سب مل کر حملہ کر دو۔ پھر کیا تھا ہر طرف سے حملے ہونے لگے اور ایک برچھی آپ کے سینہ پر ایسی لگی کہ غش کھا کر گھوڑے سے گر پڑے اور شہادت پائی۔ اس کے بعد حسینؑ کے پاس ان کا چھ ماہ کا فرزند علی اصغرؑ بچ رہا تھا۔ ظلم کی انتہا دیکھئے کہ یہ بھی تیر کا نشانہ بن گیا۔

شہادت امام حسین رضہ

جب مردوں میں سے حضرت حسین رضہ کے سوا کوئی باقی نہ رہا۔ تو حسین رضہ ابن علی رضہ میدان جنگ میں جانے کے لئے تیار ہونے لگے بی بی زینب رضہ نے جنگ کا سامان باندھا۔ حضرت حسین رضہ نے بی بی زینب رضہ سے فرمایا۔ اب تیرا بھائی تجھ سے رخصت ہوتا ہے۔ جو دنیا میں صرف چند لمحوں کا مہمان ہے۔ جس کی صورت کی تو ہمیشہ عاشق رہی ہے۔ اس سے پہلے کسی بہن نے اپنے بھائی کا اس طرح ساتھ نہیں دیا۔ اور ایسی کوئی بہن مستقبل میں بھی اپنے بھائی کا ساتھ نہیں دے سکتی۔ اس کے بعد جب آپ بالکل تیار ہو گئے۔ تو آپ نے باری باری سب کو ہدایت کی، اور خیمہ سے باہر آ گئے۔ بی بی زینب رضہ نے آپ کو گھوڑے پر سوار کرایا۔ اور آپ خدا حافظ کہہ کر میدان جنگ میں آ گئے۔ جب آپ اُن سب کو مخاطب کر کے چند نصائح کرنے لگے۔ تو ابن سعد نے کہا۔ ہم تمہارا وعظ سننے کے لئے نہیں آئے۔ ہم آپ کا سر ابن زیاد کے سامنے پیش کرنے کے لئے آئے ہیں۔ یہ کہہ کر اس نے ابن سنان کی طرف اشارہ کیا کہ وہ آپ پر حملہ کرے۔ وہ آگے بڑھا ہی تھا کہ آپ کی برچھی اُس کے سینہ کے پار ہو گئی۔

باری باری کئی آدمی آپ کے مقابلہ پر آئے۔ لیکن سب مارے گئے۔ آخر عمرو بن سعد نے سب کو مل کر حملہ کرنے کا حکم دیا۔ اور یہ بھی حکم دیا۔ کہ جو شخص حسین کو قتل کرے گا انعام و اکرام پائے گا۔ اس کے بعد دشمنوں نے آپ کو گھیرے میں لے لیا۔ لیکن جدھر بھی ابن علی رضہ کی تلوار گئی صفایا کرتی چلی گئی۔ بالآخر ایک شخص امان کا تیر آپ کے حلق کے پار ہو گیا۔ اس حالت میں بھی آپ لڑتے رہے اور کئی دشمنوں کو گرا کر نشیب کی طرف بڑھے۔

امام حسین رضہ خون کی کُلیاں کرتے ہوئے ہزار دل دشمنوں کا مقابلہ کر رہے تھے کہ ذرعہ ابن شارق کی تلوار بائیں ہاتھ پر پڑی اور آپ گھوڑے سے گر پڑے۔ اُس وقت آپ پر چاروں طرف سے تلواروں کے وار ہو رہے تھے۔ سارا جسم تیروں سے چھلنی تھا۔ شمر ہاتھ میں خنجر لئے آگے بڑھا اور آپ کا سر تن سے جدا کر دیا۔

اس طرح امام حسینؑ نے اپنی اور اپنے پیاروں کی جان دے کر اسلام کو زندہ کیا ہے۔ یہ وہ عظیم ترین قربانی ہے جس کی مثال نہیں مل سکے گی۔ اسی لیے تو ہر دانا و بینا نے انہیں نذرِ عقیدت پیش کی ہے

شاہ است حسینؑ بادشاہ است حسینؑ
دین است حسینؑ دیں پناہ است حسینؑ
سر داد نداد دست در دست یزید
حقا کہ بنائے لا الٰہ است حسینؑ

(خواجہ اجمیری)

قتلِ حسینؑ اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

(محمد علی جوہر)

انسان کو بیدار تو ہو لینے دو
ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسینؑ

(جوش ملیح آبادی)

اسلام کے دامن میں بس دو ہی تو چیزیں ہیں
اک ضرب یداللہی اک سجدۂ شبیری

(اقبال)

حقیقت ابدی ہے مقام شبیری
بدلتے رہتے ہیں اندازِ کوفی و شامی

(اقبال)

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم
نہایت اس کی حسینؑ ابتدا ہے اسمٰعیل

(اقبال)

یہ تو نہ کہہ سکے کہ شہ مشرقین ہوں
مولا نے سر جھکا کے کہا میں حسینؑ ہوں

(انیس)

گذر منزل تسلیم و رضا مشکل ہے
سبیل سے عشق بشر عشق خدا مشکل ہے
جن کے رتبے ہیں سوا ان کو سوا مشکل ہے
وعدہ آسان ہے وعدہ کی وفا مشکل ہے
یہ فقط امر ہوا فاء کے جانی سے
مشکلیں جتنی تھی کاٹ گئیں آسانی سے

(نامعلوم)

مرسلہ امجد علی بٹ
ٹورانٹو

بھارت نے عالمی ریڈ کراس کے اعلیٰ نمائندہ کو ملک سے نکال دیا

پاکستانی جنگی قیدیوں کے دانستہ قتل کی رپورٹ شائع کرنے پر حکومت برہمی

عالمی رائے عامہ کو بھارت کی غیر اخلاقی و غیر قانونی حرکتوں کی مذمت کرنی چاہیے: کیہان

روسی اسلحہ جنگ سے پہلے بھارت پہنچایا گیا

کراچی پہنچنے پر حسنین ہیکل کا بیان

عید کے روز شہید ہونے والے جنگی قیدی پاک فضائیہ کے کارپورل محمد شوکت تھے

پنجابی کے مشہور شاعر منظور جھلا سعودیہ میں انتقال کر گئے

پختون متحد ہو کر مشترکہ دشمن کو پہچانیں

بنگالیوں نے اپنی قومی تاریخ میں شاندار باب کا اضافہ کیا ہے، غفار خان

حزب اختلاف کی معقول تجاویز پر غور کیا جائیگا: شیخ رشید

حزب اختلاف کی آئین ساز میں شرکت کا خیر مقدم

صدر بھٹو سے شورش کاشمیری کی ملاقات

بھارت پاکستانی جہاز بنگلہ دیش کے حوالے کریگا

جمشید مارکر مشرقی جرمنی میں سفیر بنا دیئے گئے

اسلام آباد ... حکومت پاکستان نے مسٹر جمشید مارکر کو مشرقی جرمنی میں پاکستان کا سفیر مقرر کیا ہے۔

بھلوال میں ۱۱ افراد کو زندہ جلا دیا گیا

پاکستانی حجاج کی تعداد دنیا کے ۴۷ ممالک میں سب سے زیادہ تھی

حکومت سعودی عرب نے عازمین حج کے سرکاری اعداد و شمار جاری کر دیئے

کراچی ۱۹ جنوری

امریکہ بڑے پیمانے پر پاکستان کو فوجی امداد مہیا کرے گا

امریکی محکمہ دفاع کی سفارش

قاہرہ ایئرپورٹ پر پی آئی اے کا طیارہ

حادثے سے قبل مقناطیسی ... سے ٹکرا گیا تھا

نام نہاد بنگلہ دیش کی حکومت ۳۰ ہزار پاکستانیوں پر مقدمات چلائے گی

پاکستان سے تعاون کرنے والے جرم کے مرتکب ہوئے ہیں: کمال حسین

سپریم کورٹ نے مختار رانا کی پانچ سال سزائے قید بحال رکھی

صنعت کار میاں عبدالخالق کے قتل کے الزام میں بھی مقدمہ چلے گا

ہائی کورٹ کے فیصلہ کے خلاف مختار رانا کی اپیل مسترد کر دی گئی

لاہور — سپریم کورٹ آف پاکستان کے مسٹر جسٹس حمود الرحمان (چیف جسٹس) مسٹر جسٹس یعقوب علی خان، مسٹر جسٹس وحید الدین، مسٹر جسٹس صلاح الدین اور مسٹر جسٹس شیخ انوار الحق پر مشتمل فل بنچ نے قومی اسمبلی کے سابق رکن مسٹر مختار رانا کی وہ اپیل مسترد کر دی ہے جس میں انہوں نے ہائی کورٹ کے فل بنچ کے فیصلہ کو چیلنج کیا تھا۔ اس اپیل میں انہوں نے ...

لاہور ہائیکورٹ میں دو یا تین ججوں کا اضافہ کر دیا جائے گا۔ صدر بھٹو

لاہور۔ ... صدر نے آج یہاں مغربی پاکستان بار کونسل سے خطاب کرتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ کے ججوں میں دو یا تین ججوں کے اضافہ کا اعلان کیا۔ صدر نے کہا میں جانتا ہوں کہ موجودہ ججوں کی تعداد کو دوگنا کیا جانا چاہئے ...

ایمان، کردار اور شائستگی کے ہتھیاروں سے مخالفین کا مقابلہ کیجئے

غنڈے ملک کے مستقبل کو تاریک بنانے پر تلے ہوئے ہیں۔ طلباء سے مولانا مودودی کا خطاب

لاہور، ۲۰ جنوری (اپ پ) جماعت اسلامی کے بانی مولانا ابوالاعلیٰ مودودی نے ملک کے نوجوانوں اور طلباء پر زور دیا ہے کہ وہ خود کو شائستگی اور اعلیٰ کردار اور مضبوط ایمان کے ہتھیاروں سے لیس کریں تاکہ جو غنڈے اس ملک کے مستقبل کو تاریک اور مایوس کن بنانے پر تلے ہوئے ہیں ان کا مقابلہ کیا جاسکے۔ مولانا مودودی اسلامی جمعیت طلبہ کے شاندار ... سے خطاب کر رہے تھے جو ایک تربیتی نصاب کے سلسلے میں پورے مغربی پاکستان سے یہاں جمع ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا ملک میں ایک جماعت کی حکومت قائم کرنے کی غرض سے حکومت کے خلاف آواز اٹھانے والوں کو کچلنے کیلئے غنڈوں کو منظم کیا جارہا ہے۔ ایسے عناصر کا مقابلہ کرنے کے لئے جمعیت کو غنڈہ گردی پر نہیں اترنا چاہئے بلکہ کردار کی عظمت اور قوت ارادی کی مدد سے انہیں نیچا دکھانا ... لوگوں پر فتنہ عناصر کا غلبہ ہے اسکی وجہ صرف یہ ہے کہ مہذب اور شائستہ افراد میں اتحاد اور نظم و ضبط کا فقدان ہے۔

سکے کی سابق قیمت بحال نہیں ہوگی۔ رشید

... پھیلائی جاتی ہیں۔

لسبیلہ میں چار سو افراد ہلاک ہوئے

لاہور، ۳۰ جنوری (اپ پ) جام صاحب آف لسبیلہ ... نے آج یہاں صدر بھٹو سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ بعد ازاں جام صاحب لسبیلہ نے خدشہ ظاہر کیا کہ لسبیلہ کے ... میں کم از کم چار سو افراد ہلاک ہوئے ہیں اور ... جن میں ... عراقی اور ... شامل ہیں لسبیلہ کے ... عوام کی مکانات، اسکول ... پانچ ہزار مویشی بھی ... یہ لوگ جدید آلات سے مسلح تھے۔

بیگم بھٹو پیکنگ جا رہی ہیں

پھر واشنگٹن اور بیرزادہ ماسکو جائیں گے

راولپنڈی، ۳۰ جنوری، کراچی کے ایک اخبار کے مطابق بیگم نصرت بھٹو ... خواتین کے وفد کی لیڈر کی حیثیت سے پیکنگ جا رہی ہیں ... صدر بھٹو کا ایک پیغام ... معلوم ہوا ہے ... تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔

ضرورت ہوا تو جنگی قیدیوں کا مسئلہ سلامتی کونسل میں پیش کیا جائیگا

بیرونی ممالک کو اس مسئلے پر متوجہ کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے

قومی اسمبلی ہال، ۳۰ جنوری (اپ پ) اقلیتی امور کے وزیر ... نے آج قومی اسمبلی میں انکشاف کیا کہ بھارتی وزیراعظم نے پاکستانی جنگی قیدیوں کی رہائی کے لئے ... مسئلہ کشمیر کا مستقل تصفیہ کیا جائے اور ... پاکستان بنگلہ دیش کو تسلیم کرے۔ ...

پاکستان میں بھارتی جنگی قیدیوں کے ساتھ نہایت عمدہ سلوک کیا گیا

... بین الاقوامی ریڈ کراس کی رپورٹ

اسلام آباد، ۳۰ جنوری (اپ پ) عالمی ریڈ کراس نے پاکستان میں بھارتی جنگی قیدیوں کے حالات کے بارے میں جو رپورٹ مرتب کی ہے اس میں جنگی قیدیوں کے ساتھ پاکستان کے رویے کی بے حد تعریف کی گئی ہے۔ ... پاکستان سے ... بہت تعریف کی گئی ہے۔

عوام روٹی کپڑا اور مکان کا وعدہ کرنے والوں کے ہاتھوں اجڑ گئے ہیں۔ اصغر خاں

مرکزی حکومت نے چاروں صوبوں کو دو دھڑوں میں تقسیم کر دیا ہے

صدر بھٹو مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے ذمہ دار ہیں

کوئٹہ، ۲۰ جنوری۔ تحریک استقلال کے زیر اہتمام ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے تحریک کے سربراہ ائیر مارشل اصغر خان نے ... مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے ذمہ دار ہیں۔ ... ائیر مارشل اصغر خان نے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ پاکستان کی آبادی بارہ کروڑ سے گھٹ کر چھ کروڑ رہ گئی ہے۔ ... اصغر خان نے کہا کہ انتخابات کے دوران پیپلز پارٹی نے عوام کو روٹی کپڑا اور مکان کے سبز باغ دکھلائے تھے ... روٹی کپڑا اور مکان کا وعدہ کرنے والوں کے ہاتھوں ہی اجڑ گئے ہیں۔ ... حکومت واقعتاً نیک نیت ہے تو اسے فیڈرل فورس ... کر دینا چاہیئے۔ اور اس کی باگ ڈور پاک فوج کے ہاتھ میں دے دے۔

ائیر مارشل اصغر خان نے بار ایسوسی ایشن کوئٹہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم بنگلہ دیش کو ہرگز تسلیم نہیں کریں گے۔ آپ نے صوبوں سے متعلق حکومت کی حکمت عملی پر کڑی نکتہ چینی کی اور کہا کہ مرکزی حکومت نے صوبوں کو دو دھڑوں میں تقسیم کر کے تصادم کی صورت پیدا کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب اور سندھ ایک دھڑا ہے اور بلوچستان و سرحد دوسرا دھڑا ہے۔

مسلم بنگال

نہ کہو

ہمارے عوام سے چین

ہو جاتے ہیں

سورن سنگھ

(رپورٹ: حیات محمد، اسلم)

... بھارت کے وزیر خارجہ سردار سورن سنگھ نے مجھ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جب صدر بھٹو "بنگلہ دیش" کو "مسلم بنگال" کہتے ہیں تو بھارتی عوام کے ذہن میں شکوک پیدا ہوتے ہیں ... ہمارے عوام کے لیے یہ بہت بڑا مسئلہ ہے۔

مغربی پاکستان میں تیل اور گیس کے بے پایاں ذخیرے موجود ہیں

پاکستان مستقبل قریب میں دنیا کے تیل پیدا کرنے والے ملکوں کی صف میں شامل ہو جائے گا

کراچی، ۳۰ جنوری (اپ پ) ماہرین علم ارضیات کی ... اطلاعات کے مطابق پاکستان کو مستقبل قریب میں تیل پیدا کرنے والے ملکوں کی صف میں شامل ہونے کا امکان ہے ... مغربی پاکستان میں خصوصاً سندھ کے ساحلی علاقوں میں تیل اور گیس کے ذخائر موجود ہیں ...

سعید احمد کو سندھ کی ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا

کاردار کی ہدایت پر ایسوسی ایشن کا فیصلہ

کراچی، ... پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سعید احمد کو ... سندھ کی ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا ...

پاکستانی ڈھاکہ، بنگلہ دیش پہنچانے کی سازشیں

بھارتی فرم میں دلالی کا کام کر رہی ہیں

کراچی، ۳۰ جنوری (اپ پ) بنگلہ دیش کی ... ڈھاکہ پہنچانے کا کام ... بیان کیا ہے۔ ...

اقوام متحدہ کے نمائندہ نے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا

حیدرآباد، ... فروری (اپ پ) اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری کے ...

پاکستان کی دو لانچیں بھارت نے پکڑ لیں، دیگر ۳ لانچیں بھی لاپتہ

کراچی، ۱۳ جنوری (اپ پ) معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کی ... دو لانچیں لاپتہ ہیں ... بھارت نے پکڑ لی ہیں ...

دستور ساز اسمبلی میں آئینی بل پیش کر دیا گیا

۱۷ فروری کو عام بحث شروع ہوگی؛ ترمیمات کے لئے کافی وقت دیا جائیگا

ہر معقول نقطۂ نظر کو آئین میں جگہ دی جائیگی وزیر قانون کی یقین دہانی

اسلام آباد ۱۲ فروری (اے پی پی) آج قومی اسمبلی میں وزیر قانون مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ نے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے لئے آئین کا مسودہ پیش کیا۔ یہ بل اس مسودہ آئین پر مشتمل ہے جو قومی اسمبلی کی آئینی کمیٹی نے پیش کیا تھا۔ اب بل پر عام بحث ... شروع ہوگی جب کہ آئین ساز ادارے کی حیثیت سے قومی اسمبلی کا [illegible]

وزیر قانون مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ کو جماعت اسلامی کے ... نے ... کو بتایا کہ ابھی دفعات کی مخالفت کرنیکا وقت نہیں آیا ہے بل کی خواندگی کے دوران آپ یہ اعتراض کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ... بحث شروع ہونے پر ترمیمات پیش کر سکتے ہیں ... [illegible]

جب ایوان نے بل پیش کرنیکی اجازت دیدی تو جماعت اسلامی کے پروفیسر غفور احمد نے چیئرمین اور وزیر قانون سے یقین دہانی چاہی کہ ممبروں کو ترمیمات پیش کرنے کیلئے کافی وقت دیا جائیگا ... [illegible]

بہاریوں کیلئے چین کے ۵ لاکھ کمبل

ایکماہ سے کلکتہ میں پڑے ہوئے ہیں

راولپنڈی ۱۲ جنوری (اے پی پی) ۵ لاکھ کمبلوں کا تحفہ جو سوئیڈن کی ریڈ کراس سوسائٹی نے بنگلہ دیش میں پھنسے ہوئے بہاریوں کے لئے چین سے حاصل کیا تھا ایک ماہ سے زیادہ عرصہ گزر گیا کلکتہ میں پڑے ہوئے ہیں اور ابھی ان کے بنگلہ دیش بھیجے جانے کے کوئی آثار نظر نہیں آتے ... [illegible]

حکومت کسی بھی تعلیمی ادارے کو یونیورسٹی میں شامل کر سکے گی

گورنر پنجاب نے یونیورسٹی ... آرڈیننس جاری کر دیا

لاہور ... جنوری۔ حکومت پنجاب کے ایک ہینڈ آؤٹ کے مطابق گورنر پنجاب نے جو پنجاب یونیورسٹی کے چانسلر بھی ہیں یونیورسٹی آف دی پنجاب (ترمیمی) آرڈیننس ۱۹۷۳ء جاری کر دیا ہے جس کے تحت سابقہ آرڈیننس میں ترمیم کر دی گئی ہے۔ ترمیم شدہ آرڈیننس کا نفاذ سارے صوبے پر ہوگا اور ... [illegible]

ایڈمرل نندا بنگلہ دیش پہنچ گئے

[illegible]

ملک احمد بھٹو سے مذاکرات کے لئے پاکستان جانے کے خلاف نہیں ۔ اندرا گاندھی

[illegible]

پاکستان کنسورشیم کا اجلاس مارچ میں ہوگا

[illegible]

کراچی میں دفعہ ۱۴۴ میں مزید توسیع

[illegible]

عوام اسمگلروں کی مخبری کریں اور اسمگل شدہ سامان نہ خریدیں

اپوزیشن کو آئین سازی میں اپنا نقطۂ نظر پیش کرنے کا موقع ملے گا

آخری فیصلہ اکثریت کرے گی، اسے تسلیم نہ کرنا جمہوریت کی نفی ہوگی

کراچی ۱۲ فروری (اے پی پی) وزیر اعلیٰ سندھ ممتاز علی بھٹو نے کہا ہے کہ اسمگلنگ کے مجرموں کی املاک ضبط کرنے کے لئے قانون بنایا جائیگا ... [illegible]

فوجی تیاریاں نہ کیں تو پاکستان کو بھارت اور ایران کے زیر اثر رہنا ہوگا

دفاع کو مضبوط کرنے کے لئے فوجی معاہدوں کا رکن بننا شرم کی بات نہیں ہے

ہر شہری کو فوجی تربیت دی جائے تاکہ پوری آبادی دشمن کا مقابلہ کر سکے، نور خاں کا انٹرویو

کراچی ۔ ۱۲ جنوری ... ایئر مارشل (ریٹائرڈ) نور خان نے کہا ہے کہ اگر پاکستان نے فوجی تیاریاں نہ کیں تو اسے بھارت اور ایران کے زیر اثر رہنا پڑے گا ... [illegible]



ڈاکٹر مالک کے ایک اور وزیر کو سزا

[illegible]

رابطہ عالم اسلامی کی مجلس مذاکرہ میں مولانا مودودی کو شاندار خراج تحسین

[illegible] ... تمام شرکائے مجلس نے مولانا مودودی کی صحت اور درازی عمر کے لئے اجتماعی دعا کی۔

ایوب خاں کے خلاف تحقیقات شروع ہوگئی

[illegible]

مصر جلد ہی بنگلہ دیش کو تسلیم کر لے گا ۔ ہیکل

ہم بنگلہ دیش کے بحران میں مصر کے راستے روسی امداد بھیجا کر آپ کی مدد کر رہے تھے

بھارت بہت پیچھے ہم غیر جانبدار نہیں ۔ نئی دہلی میں ایڈیٹر الاہرام کا خطاب

[illegible]

غدار اور ملک دشمن بنگالی افسروں پر مقدمہ چلایا جائے گا

سینکڑوں بنگالی فوجی اور سول افسروں کے خلاف تحقیقات مکمل ہوگئی

اسلام آباد ۱۲ جنوری (نمائندہ جسارت) ... [illegible]

بھارت میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے اعداد و شمار

بری فوج ۳۵۷۵۴ ۔ بحری فوج ۱۴۲۹ ۔ فضائیہ ۸۳۲

سول سرکاری ملازم ۱۸۱۸۶ ۔ عورتیں بچے ۱۶۲۹۳

نئی دہلی ۱۲ جنوری (پی ٹی آئی) بھارتی وزارت دفاع کے ایک ترجمان نے بتایا ہے کہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کرٹ والڈہائم اپنے آئندہ دورہ بھارت کے موقع پر یقیناً بھارتی حکومت کے ساتھ پاکستانی جنگی قیدیوں کے سوال پر گفت و شنید کریں گے، اور اس بات پر زور دیں گے کہ بھارتی حکومت ان قیدیوں کو رہا کر کے پاکستان واپس روانہ کر دے۔ ترجمان نے بتایا کہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی طرف سے اس مطالبہ کے باوجود بھارت اپنے اس سابقہ موقف سے منحرف نہیں ہوگا کہ بھارت بنگلہ دیش کی رضامندی کے بغیر ان جنگی قیدیوں کو رہا نہیں کر سکتا ... [illegible]

زرمبادلہ کمانے والے ... بھارت کے حوالے


[illegible]

گورنر کھر کی چوتھی شادی ہوگئی

[illegible]

مجیب نے فیصلے سے پہلے اندرا کی منظوری لے لی تھی

[illegible]



بھارت کو اپنی بین الاقوامی ذمے داریوں اور عالمی رائے عامہ کا کوئی احترام نہیں (وزارت خارجہ پاکستان)

صدائے پاکستان ٹورانٹو کینیڈا

یاد کرو میری وہ نعمت جس سے میں نے تمہیں نوازا تھا اور یہ کہ میں نے تمہیں دنیا کی تمام قوموں پر فضیلت دی تھی اور ڈرو اس دن سے جب کوئی کسی کے ذرا کام نہ آئے گا، نہ کسی سے فدیہ قبول کیا جائے گا، نہ کوئی سفارش ہی آدمی کو فائدہ دے گی اور نہ مجرموں کو کہیں سے کوئی مدد پہنچ سکے گی۔ (البقرہ: ۱۲۳)

• ہمارے بھی ہیں مہرباں ...

مصر کے نیم سرکاری اخبار "الاہرام" کے ایڈیٹر مسٹر حسنین ہیکل جنہیں مصری حکومت کا ترجمان سمجھا جاتا ہے۔ بھارت کے دورے کے بعد ان دنوں پاکستان میں تشریف فرما ہیں۔ وہ مشرقی پاکستان پر بھارتی حملے کی پیداوار "بنگلہ دیش" کے بارے میں اہل پاکستان کے جذبات سے بے خبر نہیں لیکن انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ انہوں نے بھارت کو خوش کرنے کی غرض سے نئی دہلی میں لب کشائی کرتے وقت پاکستانیوں کے جذبات کا کوئی خیال نہیں کیا اور یہ بھی نہیں سوچا کہ اگر ہم اسرائیل کے مسئلہ پر اسی انداز کی باتیں کرنے لگیں تو مصر اور خود ان کا ردعمل کیا ہوگا؟ ہم تو جب سے یو۔این۔او میں شامل ہوئے ہیں اسرائیل کے خلاف عربوں بالخصوص مصر کے موقف کی حمایت کر رہے ہیں اور اس کی سزا ابھی تک مل رہی ہے کہ ہم اسرائیل اور یہود و ہنود کی بین الاقوامی سازش کا شکار ہو رہے ہیں اور یہود و ہنود یہ سمجھ رہے ہیں کہ پاکستان ہی ایک ایسا ملک ہے جو ان کا دشمن ہے اور اسلام اور عرب مسلمانوں کیلئے باعث تقویت بن سکتا ہے لہٰذا اسلام کو ختم کرنے سے پہلے اس کو ختم کرنا ضروری ہے لیکن ہمارے دوست اور مہربان ایسے ہیں کہ وہ اسلام کے قلعہ پاکستان کے خلاف یہود و ہنود کی بین الاقوامی سازش میں بالواسطہ شرکت (مسٹر حسنین ہیکل نے کہا ہے کہ پاکستان بھارت جنگ کے دوران بھارت کو ملنے والی تمام روسی امداد مصر سے گزرتی تھی۔ اور مصری حکومت کو اس کا علم تھا۔ نیز مصر نے جنگ کے دوران میں بھارت کی ہر ممکن امداد کی) کا فخریہ اعلان کرتے ہیں اور بھارت کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ مصر بھارتی جارحیت اور یہود و ہنود کی بین الاقوامی سازش کی پیداوار "بنگلہ دیش" کو تسلیم کر لے گا۔ ہم حیران ہیں کہ ہم ایسے شخص کے بارے میں کیا کہیں جو پاکستان سے دوستی کا علمبردار بھی ہے۔ اور پاکستان بلکہ اسلام کے مفاد کے منافی باتیں بھی کرتا ہے۔ پاکستان کے خلاف بھارتی جنگ کے دوران میں بھارت کو مصر کے راستے سامان جنگ پہنچانے پر فخر کرنا پاکستان اور اسلام دشمنی نہیں تو اور کیا ہے؟

میری رائے میں

خبردار، خبردار

تند و تیز عوامی انقلاب

ہر لحظہ قریب تر آ رہا ہے

پاکستان میں عوامی انقلاب کبھی نہیں آیا اور نہ کبھی عوامی انقلاب کا سوال پیدا ہوا، البتہ ایک انقلاب معکوس ہے جو وقفے وقفے سے پاکستانی سیاست میں برپا ہوتا رہا ہے اور اسے برپا کرنے والوں نے ہمیشہ سینہ تان کر اور سینہ پھلا کر یہ دعویٰ کیا کہ ہم اس ملک کے سب سے بڑے انقلابی ہیں۔

یہ انقلاب معکوس یعنی آگے لے جانے کے بجائے پیچھے لے جانے والے انقلاب کے ایسے ایسے ماہر و کامل رہنما اس ملک میں پیدا ہوتے رہے کہ ان کی کاوشوں کی بدولت پارلیمنٹ اور اسمبلیوں کی عمارت زمین بوس ہوئی، بالغوں کا حق رائے دہی چھنا، مکمل جمہوریت کی جگہ محدود جمہوریت کا نظام رائج کر دیا گیا، زمینداری، جاگیرداری، افسر شاہی اور تاناشاہی اپنی حکمرانی کا طبل بجاتی رہی، عوام بے بس رہے اور قائد اعظم کا پاکستان کھو کر انہیں اب نئے پاکستان پر اکتفا کرنا پڑا ہے۔

معکوس انقلابات ہی کا نتیجہ ہے کہ آج ۱۹۷۴ء میں بھی ربع صدی پیشتر کے حالات غنیمت نظر آتے ہیں۔ اس وقت سیاسی جماعتیں اور تنظیمیں آج سے زیادہ طاقتور، زیادہ منظم اور زیادہ عوامی تھیں۔ اوپر کی سطح پر اگرچہ زمیندار اور جاگیردار چھائے ہوئے تھے لیکن جدید متوسط طبقے کی اپنی ایک قوت تھی جسے کوئی نظر انداز نہیں کر سکتا تھا۔ اس طبقے کی بدولت سیاسی جماعتیں عوام سے رشتہ رکھتی تھیں اور فعال و متحرک تھیں، لیکن آج سیاسی جماعتوں کو عوام پر اعتماد نہیں، عوام کو سیاسی جماعتوں پر بھروسہ نہیں، لیڈرشپ میں وہ پہلے سی بالبصیرت اور اولوالعزم شخصیتیں بھی ناپید ہیں جو جماعتیں میدان میں داخل ہیں وہ بھی ایک عجیب انتشار فکر و عمل کا شکار ہیں اور وہ تنظیمیں کہ رہنمائی جن کا کام تھا اب خود اس کی محتاج ہیں کہ کوئی انہیں راستہ دکھائے۔

ہم سے آگے جنگ سیاسی آزادیاں بھی زیادہ نصیب تھیں؟ دفعہ ۱۴۴ یوں مستقل نہیں رہا کرتی تھی۔ ارباب حکومت کے علاوہ دوسرے لوگ بھی جلسہ کر سکتے تھے، جلوس نکال سکتے تھے اور اس پر کچھ کہنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی تھی۔ سیاسی لوگوں کو اگر کبھی گرفتار کیا جاتا تو عوامی احتجاج کی شنوائی ہو جاتی تھی، انہیں جلد رہا کر دیا جاتا اور رہائی کے بعد دوبارہ پکڑا جاتا، نہ دھوکہ دہی جعلی مقدموں کے قتل اور اس نوعیت کے دوسرے مقدمات قائم کئے جاتے۔

صحافت بھی آزاد تھی، ہر شخص آسانی سے اخبار نکال سکتا تھا اپنا پریس قائم کر سکتا تھا، حزب اقتدار کے خلاف آزادانہ اور آتشیں تحریریں رقم کر سکتا تھا اور اسے نہ کوئی ملک دشمن بتاتا تھا اور نہ اسے اخبار کی بندش اور قید و بند کی صعوبتوں میں مبتلا ہونا پڑتا تھا۔ اب یہ سیاسی اور صحافتی آزادیاں تو ایک خواب معلوم ہوتی ہیں، بس کہیں کہیں کچھ روایتی حق ہیں اور اس کی پاداش میں جو کچھ سہنا پڑے چپ چاپ سہہ لیتے ہیں۔

ایک زمانہ تھا شعور ملی کے اعتبار سے یہ حالت تھی کہ ہم خاک ہند کی بگولوں میں محصور ہو کر بھی ثمرقند و بخارا کی سوچتے تھے، ہمارے دلوں میں قاہرہ و دمشق، بغداد و طرابلس کا غم، سارے عالم اسلام کی دھڑکنیں تھیں، پھر ہم محدود ہو گئے، صوبہ داری سیاست چلی اور اب صوبوں میں گروہی اور قبائلی عصبیتیں برسرپیکار ہیں اور ان انقلابات معکوس کے نتیجے ابھی معلوم نہیں کہ ہمارے اس حال زار کو اور کون کون سی انقلابی منزل درپیش ہے اور کیا کیا انقلاب معکوس نازل ہوتے ہیں۔ ذرا غور فرمائیے غلام محمد، سکندر مرزا، ایوب خاں، یحییٰ خان سب اپنی اپنی باری پر انقلاب لے کر آئے، ان میں ہر انقلابی کی آستین میں ایک اور انقلابی پوشیدہ تھا جو

اپنے وقت پر ظاہر ہوا، حکمران سب کے یہ انقلابات قوم سے کچھ چھیننے کے لیے تھے، کچھ دینے کے لیے نہیں تھے، اس طرح کے ہر انقلاب معکوس میں ہماری متاع چھنتی رہی، ہم لٹتے رہے اور پیچھے کی طرف پسپا ہوتے رہے اور قوم کو ان سب کا حاصل ایک ری پبلکن پارٹی، ایک کنونشن مسلم لیگ، اور ایک کنونشن پیپلز پارٹی کے سوا کچھ نہ ملا۔

بہت سے لوگوں کو مسٹر بھٹو پر حیرانی ہے کہ وہ اصل انقلاب کا عزم لے کر اٹھے تھے، مغرب کے بتوں کو سرنگوں کرنے کا نعرہ لگا کر آگے بڑھے تھے، لیکن انہیں سرنگوں کرنے کے بجائے انہوں نے زمینداری و جاگیرداری نظام کی آل اولاد کو ارض پاک کا حکمران بنا دیا اور ایسا حکمران بنایا کہ وہ پاکستان کے پچھلے چوبیس سالوں میں اتنے اقتدار مطلق کے کبھی مالک نہیں تھے۔ پہلے بھی بے شک زمیندار اور جاگیردار طبقہ حکمران رہا لیکن اس کے ساتھ بیوروکریسی، فوج اور دوسرے طبقات بھی شریک حکومت تھے مگر اب اقتدار کا مالک وحدہٗ لاشریک زمیندار، جاگیردار طبقہ ہے اور باقی سب اس کے انگوٹھے تلے دبے پڑے ہیں۔ یہ انقلاب کے بطن سے زمینداری اور جاگیرداری کی حکمرانی کیسے نکل آئی؟

یہ جو کچھ جناب بھٹو کے دور میں ہوا اس پر ان کے ساتھیوں کی حیرانی حق بجانب ہے، مگر ہم تو اسی وقت کھٹک گئے تھے جب انتخابات میں جناب بھٹو زمینداروں اور جاگیرداروں کو ٹکٹ دے رہے تھے، حالانکہ انہیں ذاتی طور پر اور ان کی پارٹی کو جماعتی طور پر ایسی مقبولیت حاصل تھی کہ وہ زمینداروں، جاگیرداروں اور سابق کنونشن لیگیوں کے بالکل محتاج نہیں تھے۔ عوام تو بس ہر جگہ تلوار کے نشان کو دیکھ کر ووٹ دینے والے تھے اس لیے مسٹر بھٹو اگر چاہتے تو انہیں موقع تھا کہ اپنی پارٹی کے سامنے امیدوار جدید متوسط طبقے سے کھڑے کرتے اور وہ یقیناً کامیاب ہو جاتے، جیسا کہ کئی حلقوں میں ہوا بھی لیکن یہ موقع ملنے اور عوامی مقبولیت کے نقطۂ عروج پر پہنچنے کے باوجود یہ اہتمام ہوتا گیا کہ زمیندار اور جاگیردار ایوان اقتدار میں خاص تعداد میں پہنچ جائیں، اس لیے انہیں ٹکٹ دیئے گئے اور پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم سے کامیاب بنایا گیا اور اب یہ حکومت سنبھالے بیٹھے ہیں اور دوسرے لوگ حکومت سے اور پارٹی سے آہ سرد بھر کر نکل رہے ہیں۔

مگر سرد آہیں بھرنے سے کیا فائدہ؟ اس سے کچھ سیاسی سبق حاصل کرنا چاہیے، ایک سبق تو یہ ہے کہ جو انقلاب حکمران طبقے کے اشاروں پر اور ان سے ساز باز کے ذریعے آئے، وہ عوامی انقلاب نہیں ہو سکتا، بلکہ یہ انقلاب کا راستہ روکنے والا انقلاب ہوتا ہے، یہ انقلابات معکوس اصل میں اسی لیے برپا کیے جاتے رہے ہیں کہ عوامی انقلاب کی راہ بند ہے، ہمارے حکمرانوں کی تکنیک یہ ہے کہ جب بھی حقیقی انقلاب کے آثار انہیں نظر آتے ہیں، وہ اسے بھانپ کر ایک ایسا انقلاب معکوس برپا کر دیتے ہیں کہ جو پچھلا انقلاب ہے، وہ سرحد الٹا میں پڑ جاتا ہے۔ اب ضرورت ہے کہ ملک کو ایسا انقلاب نصیب ہو کہ ہم پیچھے ہٹنے کے بجائے آگے بڑھیں، جہاں ہمیں سیاسی آزادیاں زیادہ نصیب ہوں، صحافتی آزادی اور اظہار خیال کے مواقع زیادہ ملیں، جماعتیں زیادہ مضبوط اور منظم ہوں، قومی وحدت اور سالمیت کا احساس زیادہ رہے اور

عوام ہی غالب و بالادست نظر آئیں اور انہیں جینے کی تمام اور ضروری چیزیں بھی مناسب داموں پر مل سکیں۔ اس طرح کا ایک انقلاب ملک کی ضرورت ہے، بلکہ ضرورت ہی نہیں ملک کے لیے مقدر ہو چکا ہے۔ اس کا راستہ بھی اب روکا نہیں جا سکتا کیونکہ سب انقلابات معکوس اپنے آخری موڑ پر ہیں، ان کی منزل تمام ہو گئی ہے اور عوام کی بے چینی جلد ہی انقلابات کی شکل اختیار کرنے والی ہے۔

آج اگر کوئی قائدانہ انقلاب ابھرا ہوا نظر نہیں آتا تو اس سے موجودہ قائدین عوام کو یہ نتیجہ اخذ نہیں کرنا چاہیے کہ انقلاب نہیں آ سکتا۔ تاریخ میں بارہا ایسا ہوا ہے کہ جب عوامی بے چینی انتہا پر پہنچ گئی تو عوام کسی منظم قیادت کے بغیر ہی انقلاب کا علم لے کر سڑکوں اور بازاروں پر نکل آئے اور یہ صورت حال ہمارے ملک میں بھی پیدا ہو سکتی ہے اور شاید پیدا ہو رہی ہے، اللہ واحد ہی اس سے بچا رہا ہے۔ اگر عوام کے غیظ و غضب کا آتش فشاں پھٹ پڑا تو انقلاب فرانس کے مناظر جگہ جگہ نظر آئیں گے۔

سچ پوچھیے تو صورت حال زیادہ خطرناک ہے کہ عوامی غم و غصہ روز بروز بڑھتے جا رہے ہیں۔ یہ عوامی انقلاب مضبوط اور منظم سیاسی قیادت کی رہنمائی کے بغیر آیا تو بڑی خرابی مچے گی اور اس کی تخریب کو سب حفیظ والامان پکار اٹھیں گے۔

صاف بات یہ ہے کہ اگر کبھی پیپلز پارٹی کا قصر اقتدار دھڑام سے زمین پر آ جائے تو اس پارٹی اور اس کے قائدین کی جگہ لینے کے لیے کوئی دوسری چیز موجود ہونی چاہیے، لیکن حکومت حزب اختلاف کو پنپنے ہی نہیں دیتی، پھر کوئی لولی لنگڑی متبادل چیز کیسے نشو و نما پا سکے گی؟ اس لیے ارباب اقتدار ملک پر رحم کریں، اپنے آپ پر رحم کریں اور حزب اختلاف کی سیاسی جماعتوں اور شخصیتوں کو نشو و نما پانے دیں، تاکہ جب عوام بے قابو ہوں تو ان کے جذبۂ انقلاب کی صحیح رہبری ہو سکے اور عوام کی قوت تخریب کے بجائے تعمیر کے لیے استعمال کی جا سکے ورنہ یہ حکومت جو حزب اختلاف کو ختم کرنے کے منصوبے بنا رہی ہے وہ اس انقلاب کے وقت حزب اختلاف کو ڈھونڈتی پھرے گی کہ یہ اس کی جان بچانے کے کام آئے، لیکن اس وقت ایک خلا ہوگا اور کوئی نہیں ہوگا جو حالات کو سنبھال سکے، صرف ہمارے ارباب حکومت جان لیں گے اور غضب آلود ہجوم ہوں گے جو کسی کی نہیں سنیں گے اور من مانی کریں گے۔ اس روز بد کے لیے کچھ انتظام ہماری سیاسی جماعتوں کو بھی کرنا چاہیے اور ہمارے ارباب اقتدار کو بھی، جو اپنی حرکتوں سے اس طرح کے تیز و تند عوامی انقلاب کے امکانات کو ہر لمحہ اپنے قریب تر کر رہے ہیں۔ ●●

نور بصیرت

دور عثمانؓ

میاں عبدالرشید

حضرت عثمانؓ کے دور مبارک میں فتوحات کا دائرہ بہت وسیع ہو چکا تھا ایشیا اور افریقہ کے بڑے حصہ پر اسلامی پرچم لہرا رہا تھا وقت کے ساتھ مسلموں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا تھا۔ قدیم مسلمان کی جگہ نئی نسل جوان ہو چکی تھی۔ اس لئے ماخذ دین کی حفاظت بہت ضروری ہو گئی تھی سیدنا حضرت عثمانؓ کی فراست ایمانی اور دور نظری نے ان خطرات کا برمحل اندازہ کیا۔ اس طرف خاص توجہ دی یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اکابر مہاجرین و انصار اور سابقون الاولون حضرات کو مدینہ منورہ میں اپنے قریب رکھنے کی پالیسی اختیار فرمائی۔ انہی صحابہ کو گورنری جیسے عہدوں پر نہ بھیجا۔ لیکن بدنیت معترضوں نے اسے بھی غلط معانی پہنائے۔

دراصل حضرت عثمانؓ کے خلاف ہنگامہ کی مہم ایک سوچی سمجھی سازش اور منصوبہ بندی کا نتیجہ تھی۔ اس کے پیچھے یہودی اور ایرانی ذہن کام کر رہے تھے۔ جو کام مشہور و بدنام یہودی منافق عبداللہ بن ابی حضور اکرمؐ کے زمانہ مبارک میں سرانجام دے رہا تھا اسے حضرت عثمانؓ کے دور میں ایک اور انداز سے شروع کر کے پایۂ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ حضرت عثمانؓ کے خلاف جو بے سروپا الزامات لگائے گئے ان میں سے ایک یہ تھا کہ آپ بیعت رضوان میں شامل نہ تھے۔ حالانکہ بیعت رضوان کی نوبت ہی اس لیے پیش آئی تھی کہ حضرت عثمانؓ جناب رسالت مآبؐ کے حکم کے مطابق گفت و شنید کے لیے مکہ گئے تھے۔ اور یہ خبر مشہور ہو گئی تھی کہ انہیں شہید کر دیا گیا ہے آپؓ ہی کی شہادت کا بدلہ لینے پر حضور اکرمؐ نے صحابہ سے بیعت لی تھی۔ اسی میں حضرت عثمانؓ شامل کیسے ہو سکتے تھے؟ اسی طرح کا یہ الزام تھا کہ آپ جنگ بدر میں شامل نہ ہوئے۔ واقعہ یوں ہے کہ ان دنوں حضورؐ کی صاحبزادی حضرت رقیہؓ جو حضرت عثمانؓ کی زوجہ تھیں۔ بیمار تھیں حضرت عثمانؓ کو حضور اکرمؐ نے حکم دیا تھا کہ وہ ان کی تیمارداری کے لیے پیچھے رہیں اور فرمایا تھا کہ انہیں شرکائے بدر کا ثواب ملے گا۔ اسی بنا پر حضورؐ نے انہیں بدر کی غنیمت میں شرکائے بدر کی طرح حصہ عطا فرمایا۔


اسی قسم کے بے بنیاد الزامات یہ تھے کہ آپؓ نے اپنے عزیز و اقارب کو اعلیٰ عہدے دیئے۔ انہیں بیت المال سے عطیے دیئے گئے۔ واقعہ یہ ہے کہ ہزاروں عمال میں سے ان کے اپنے خاندان بنی امیہ کا صرف ایک عہدیدار اور بنو امیہ سے صرف چار تھے جن میں سے دو عہد فاروقی سے ان عہدوں پر مقرر چلے آ رہے تھے۔ عطیات کے بارہ میں حضرت عثمانؓ کا ایک اپنا خطبہ موجود ہے جو طبری نے نقل کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں اپنے خاندان والوں سے محبت کرتا ہوں اور انہیں مال عطا کرتا ہوں۔ مجھے اپنے اہل خاندان سے محبت ہے۔ مگر میری اس محبت نے مجھے کسی پر ظلم یا کسی کی حق تلفی پر مائل نہیں کیا ہے میں صرف اپنے رشتہ داروں کے حقوق ادا کرتا ہوں جو کچھ میں انہیں دیتا ہوں، وہ صرف اپنے ذاتی مال سے دیتا ہوں۔ مسلمانوں کا مال نہ میں اپنے لیے حلال سمجھتا ہوں نہ کسی دوسرے کے لیے۔

اسلام اور اس کی عالی نظری نے جمہوریت سکھائی ہے۔ اسلام نے مساوات سکھائی ہے۔ ہر شخص سے انصاف اور رواداری کا حکم دیا ہے۔ کسی بھی شخص کے پاس کیا جواز ہے کہ وہ عوام الناس کے لیے انصاف اور رواداری اور دیانت داری کے اعلیٰ معیار پر مبنی جمہوریت، مساوات اور آزادی سے گھبرائے۔

کراچی بار ایسوسی ایشن ۔ ۲۵ جنوری ۱۹۴۸ء

ارشادِ خداوندی

اللہ تعالیٰ سے محبت ایمان کا لازمی جزو ہے اللہ عزوجل نے فرمایا: یعنی ایمان رکھنے والے لوگ سب سے بڑھ کر اللہ سے محبت رکھتے ہیں۔ کیونکہ اس کے بغیر اللہ تعالیٰ سے تعلق میں اخلاص اور اس کی اطاعت میں مداومت اور استقلال کا پیدا ہونا ممکن نہیں ہے۔



نگاہ ایک تجلی سے ہے اگر محروم
دو صد ہزار تجلی تلافی مافات
مقام بندۂ مومن کا ہے ورائے سپہر
زمیں سے تا بہ ثریا تمام لات و منات
حریم ذات ہے اس کا نشیمن ابدی
نہ تیرہ خاک لحد ہے نہ جلوہ گاہ صفات

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو، کینیڈا

جلد | ۱۰ محرم ۱۳۹۴ھ ۱۵ فروری ۱۹۷۴ء | نمبر ۲۴ | ۱۵ سینٹ

اقتدارِ باطل

امام حسینؑ کی نظر میں!

"لوگو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: جو کوئی ایسے حاکم کو دیکھے جو ظلم کرتا ہے، خدا کی قائم کی ہوئی حدوں کو پھلانگتا ہے، عہدِ الٰہی کو توڑتا ہے، اور دیکھنے والا دیکھنے پر بھی نہ تو اپنے عمل سے اس کی مخالفت کرتا ہے اور نہ اپنے قول سے، سو خدا ایسے لوگوں کو اچھا ٹھکانا نہیں بخشے گا۔

دیکھو، یہ لوگ شیطان کے پیرو بن گئے ہیں۔ رحمٰن سے سرکش ہو گئے ہیں۔ فساد ظاہر ہے۔ حدودِ الٰہی معطل ہیں۔ مالِ غنیمت پر ناجائز قبضہ ہے۔ خدا کے حلال کو حرام اور حرام کو حلال ٹھیرایا جا رہا ہے۔ ایسی صورت میں میرا فرض ہے کہ ان کی سرکشی کو حق و عدل سے بدل دینے کی کوشش کروں۔

حالات تمہارے سامنے ہیں۔ دنیا کیا سے کیا ہو گئی۔ افسوس تم دیکھتے نہیں، حق پس پشت ڈال دیا گیا ہے۔ باطل پر علانیہ عمل کیا جا رہا ہے، اس کا ہاتھ پکڑنے والا کوئی نہیں۔ وقت آگیا ہے کہ مومن حق کی راہ میں جان قربان کرنے کے لیے تیار ہو جائے۔ میں شہادت ہی کی موت چاہتا ہوں۔ ظالموں کے ساتھ زندہ رہنا بجائے خود ایک جرم ہے۔"

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را

ہر زماں از غیب جانے دیگر است